© rasailojaraid.com

تہذیب وثقافت کو مسلمانوں میں داخل کرنے اور اسلام کو مسخ کرنے کی ناکام سعی کررہا ہے۔

کیا روشن خیالی یہی ہے کہ افقِ عالم سے ملعون یہودیوں کو لاکر فلسطین (جہاں دوہزار برس سے محض مسلمان معمور تھے) میں آباد کرکے غیر قانونی مصنوعی وطن بنا کر اور بعد میں بزورِ شمشیر قومی وطن کا نام دے کر لاکھوں بچوں کو یتیم کردیا جائے ہزاروں عورتوں کو بیوہ کردیا جائے اور سینکڑوں مردوں کا ناحق قتل کیا جائے اور یہ نعرہ لگایا جائے کہ نیل سے فرات تک ہماری ملکیت ہے......؟

کیا روشن خیالی اسی میں پنہاں ہے کہ شمالی افریقہ کے چالیس ہزار معصوم انسانوں کو بلا جرم وفساد قتل کردیا جائے اور کروڑوں کو غلام بنا کر ان کے ساتھ بہیمانہ سلوک کیا جائے اور امریکہ وکینیڈا وغیرہ میں نوآبادیوں کی آبادکاری کیلئے ان کو استعمال کیا جائے۔

یہی اپنے آپ کو روشن خیال کہلانے والے جنگ عظیم سے لے کر اب تک بیس سے زائد اسلامی ممالک میں مداخلت کرکے کروڑوں شہریوں کا خون بہا چکے ہیں اور دہشت گرد پھر بھی اسلام ومسلمان۔ جبکہ اسلامی ضابطہ اخلاق اس دہشت گردی کے بالکل برعکس ہے۔

﴿لاتتمنوا لقاء العدو وسلوا الله العافية﴾

کہ اسلام تو دشمن سے ملنے کی تمنا سے بھی منع کرتا ہے۔ جنگ وجدال اور دہشت گردی تو دور کی بات ہے۔

سچی بات تو یہ ہے کہ تلک اذا قسمة ضیزی جس کا فیصلہ خود اللہ ہی کریں گے کیونکہ اس نے اپنے دین کی حفاظت کا ذمہ خود اٹھایا ہے اور اس پر الزامات لگانے والوں کو ہر دور میں نیست ونابود کرتا رہا اور ان شاءاللہ ان کا بھی قلع قمع کرے گا کیونکہ ولاتحسبن الله غافلا عما یعمل الظلمون انما یؤخرهم لیوم تشخص فیه الابصار۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆


سائن بورڈ، کلاتھ بینر، سکرین پرنٹرز اور اشتہارات کی کتابت کیلئے

پبلیشرز

کاتب

حافظ پبلشی

ریلوے روڈ شیخوپورہ

پروپرائٹرز

حافظ شبیر احمد سجاد، رانا عبدالستار

0321-4205164 , 0321-4187286


## معروف عالم دین مولانا حافظ محمد عبداللہ کمیر پوری کا سانحہ ارتحال

فیصل آباد کے بزرگ عالم دین اور جامعہ اسلامیہ ومسجد مقدس اہل حدیث حاجی آباد کے مہتمم و مدیر التعلیم مولانا حافظ محمد عبداللہ کمیر پوری انتقال کرگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ موصوف نے بڑی بھرپور زندگی گزاری۔ ان کی ساری زندگی عقیدہ توحید کی خدمت میں گزری۔ انہوں نے تحریک نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، تحریک ختم نبوت ودیگر تحاریک میں بھرپور کردار ادا کیا اور متعدد مقامات پر خطابات بھی کیے۔ ان کی وفات حرکت قلب بند ہوجانے سے ہوئی۔ مرحوم حافظ عبدالقادر روپڑی رحمۃ اللہ علیہ کی چچازاد ہمشیرہ کے بیٹے تھے اور انہوں نے حضرت حافظ صاحب کے ساتھ کافی عرصہ قریہ قریہ جاکر قال اللہ وقال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز کو بلند کیا۔ ان کی نمازِ جنازہ میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں لوگوں نے شرکت کرکے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی۔ لاہور سے جامعہ اہل حدیث کے نائب ناظم حافظ عبدالوہاب روپڑی حفظہ اللہ نے خصوصی شرکت کی۔ ان کی نمازِ جنازہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالعزیز علوی حفظہ اللہ کی امامت میں ادا کی گئی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ وطلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ قارئین کرام! مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا فرمائیں۔ اللھم اغفرله وارحمه وادخله الجنة الفردوس. آمین. (ادارہ)


فریحہ اسلامک اکیڈمی کے زیراہتمام

# فہم قرآن وسُنّت کورس

داخلہ: یکم جون سے شروع ہے

10 جون سے ان شاءاللہ کلاس شروع ہوجائے گی

10 جون تا 10 اگست 2006ء

60 روزہ

امتحان سے فارغ طالبات اور دیگر خواتین کیلئے موسم گرما کی تعطیلات میں

وقت: عصر کے بعد 5 بجے سے 7 بجے تک

نوٹ: کورس کے اختتام پر ٹیسٹ ہوگا۔ کامیاب طالبات کو اسناد وانعامات سے نوازا جائے گا۔ ان شاءاللہ۔ طالبات کے والدین سے گزارش ہے کہ وہ اس سنہری موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بے حیائی وفحاشی اور کفر والحاد اور بے دینی کے سیلاب کو روکنے کیلئے اپنی بیٹیوں کو دنیاوی تعلیم کے ساتھ قرآن وسنت جیسی پاکیزہ تعلیم سے مزین وآراستہ کریں تاکہ وہ حقیقی مسلمان بن کر نئی نسل کی تربیت اسلامی طریقے کے مطابق کرسکیں۔

الداعی الی الخیر والفلاح محمد اکرم مدنی ایم اے فاضل مدینہ یونیورسٹی مکان نمبر B-648 گلی نمبر 3 محلہ مغلپورہ نمبر 1 نزد چوک جمیل آباد فیصل آباد فون: 041-8861592




© rasailojaraid.com